مواہب الرحمن

قاضی عبد السبحان

مکتبہ رضویہ۔ ملتان روڈ۔ اوکاڑہ

میثم قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مواہب الرحمٰن (اوّل)

فی

ردِّ جواہر القرآن

تصنیف لطیف

شیخ القرآن والمحدث حضرت علامہ قاضی محمد عبد السبحان صاحب کھلابٹی ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ

زیر اہتمام شیخ التفسیر والحدیث علامہ ابو البیان غلام علی القادری
مکتبہ رضویہ دار العلوم اشرف المدارس اوکاڑہ سے شائع ہوئی۔

نام کتاب ——— مواہب الرحمٰن

مضمون ——— اصطلاحات القرآن

تصنیف ——— حضرت مولانا قاضی عبد السبحان

ناشر ——— حضرت مولانا غلام علی اوکاڑوی

بار ——— اوّل

تعداد ——— ایک ہزار

مطبع ——— دین محمدی پریس لاہور

ہدیہ ——— تین روپے پچاس پیسے

باجازت ابن مصنف حضرت علامہ ابو الفتح قاضی غلام محمود ہزاروی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی خلق فسویٰ والذی قدر فھدیٰ والذی بکلمتہٖ قامت السمٰوٰت السبع الشداد وبھا رست الرواسی والاوتاد والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمدن المصطفےٰ الذی جاء بحیثیہٖ وزھق الباطل بظھورہ واشرقت الارض بنورہٖ وھو المنور الاول والشکل الاول وعلےٰ آلہٖ واصحابہٖ واتباعہ الذین فائز المراتب التصدیق والیقین۔

قرآن کریم کے سمجھنے کے لئے علوم ذیل کے حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ بیان اجمالی اسکا یہ ہے علم لغت[1] علم صرف[2] علم نحو[3] علم معانی[4] علم بیان[5] علم بدیع[6] علم حدیث[7] علم اصول فقہ[8] علم کلام[9] علم منطق[10] علم فلسفہ[11] علم ریاضی[12] کے اقسام ثلثہ ہندسہ حساب ہیئت علم میراث[13] علم مناظرہ[14] علم تفسیر[15] و علم تاریخ[16] و علم تصوف[17] و علم فقہ[18] علم معانی[19] شرعیہ و عرفیہ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے مثلاً علم نحو کے نہ جاننے والا قرآن کریم کے معانی ترا کیبیہ میں غلطی کرنے کے باعث مفہوم و مدلول غلط پیش کرے گا مثال اس کی ملاحظہ ہو قرآن کریم فرماتا ہے۔ قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین الآیہ جس نے نور سے مراد کتاب اور قرآن کریم لیا ہے اس نے ترجمہ میں مطابق قواعد علم نحو کے غلطی کی ہے کیونکہ واؤ عاطفہ ہے اور